جماعت احمدیہ کا ۸۹ واں جلسہ سالانہ اپنی مخصوص دینی روایات کے ساتھ شروع ہو گیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے روح پرور خطاب سے جلسہ کا افتتاح فرمایا

"دعا کریں کہ ہمارے گھر دنیاوی خزانوں کی بجائے قرآنی خزانوں سے بھرے رہیں"

جماعت احمدیہ کے احباب کی دعاؤں کے مستحق بلا استثناء تمام بنی نوع انسان ہیں

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور اور بصیرت افروز افتتاحی خطاب

ربوہ: ۲۶ فتح / دسمبر۔ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں، ذکر الٰہی اور تسبیح و تحمید کے ماحول میں آج صبح یہاں پر مسجد اقصیٰ کے سامنے واقع وسیع و عریض میدان میں جماعت احمدیہ کے ۸۹ ویں جلسہ سالانہ کا افتتاح عمل میں آگیا۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مختصر افتتاحی خطاب کے ذریعے جلسہ کا افتتاح فرمایا۔ حضور انور نے اپنے خطاب میں آیات قرآنی کے حوالے سے سیدنا (حضرت اقدس) کی مبارک بعثت کا تذکرہ فرمانے کے ساتھ ساتھ احباب جماعت کو اس طرف متوجہ کیا کہ (حضرت اقدس) کی بعثت کے نتیجہ میں قائم ہونے والی جماعت پر بیشمار ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان کو پورا کرنے کے لیے دعاؤں کی خصوصی ضرورت ہے اور جماعت احمدیہ کے احباب کی دعاؤں کے مستحق بلا استثناء تمام بنی نوع انسان ہیں۔

اس جلسہ سالانہ میں یورپ افریقہ، امریکہ اور ایشیاء کے متعدد ممالک سے احباب جماعت احمدیہ کے وفود شریک ہیں۔ مردوں اور خواتین کا جلسہ سالانہ علیحدہ علیحدہ منعقد ہو رہا ہے تاہم حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب اور بعض بزرگان سلسلہ کی تقاریر اس سال بھی حسب معمول خواتین کے جلسے میں ساتھ ساتھ ریلے کی جا رہی ہیں۔ ممالک بیرون سے آئے ہوئے احمدی احباب کی سہولت کے لیے انگریزی اور انڈونیشین زبان میں ساتھ ساتھ ترجمے کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے۔ جلسے کی ساری کارروائی ٹیپ اور وڈیو کیسٹ پر محفوظ کی جا رہی ہے۔

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز چھپے ہوئے پروگرام کے عین مطابق ٹھیک سوا نو بجے جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ حضور کی آمد پر سٹیج سے اعلان کیا گیا۔

"(حضور انور) جماعت احمدیہ کے ۸۹ ویں جلسہ سالانہ کا افتتاح کرنے کے لیے تشریف لا رہے ہیں۔ ہم اپنے آقا کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اھلاً و سہلاً و مرحبا۔ اس کے ساتھ ہی جلسہ گاہ میں موجود ہزاروں ہزار افراد نے اھلاً و سہلاً و مرحبا کہتے ہوئے اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا حضور کے سٹیج پر تشریف لانے پر فضا مندرجہ ذیل نعروں سے گونج اٹھی۔

نعرہ تکبیر، اللہ اکبر، اسلام زندہ باد، خانہ کعبہ پائندہ باد، امام..... زندہ باد۔

محبت کا سفیر مرزا ناصر احمد زندہ باد، مرزا غلام احمد کی جے، نعرہ تکبیر اللہ اکبر۔

حضور انور ایدہ اللہ کے صدر جگہ پر تشریف فرما ہونے کے بعد افتتاحی اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم ڈاکٹر حافظ مسعود احمد صاحب نائب امیر سرگودھا نے کی۔ بعد ازاں مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب نے حضرت اقدس کے پُر معارف منتخب اشعار ترنم کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔

بعد ازاں حضور انور نے اپنے خطاب کا آغاز فرمایا۔ تشہد و تعوذ اور سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے آیات قرآنی۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (البقرہ: ۱۳۰)

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ۔ (الجمعہ: ۳)

حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جو یہ الہامی دعا سکھائی وہ آپ نے خود بھی کی اور اپنی نسل سے بھی کروائی اور اللہ سے ایک رسول مبعوث کرنے کی التجا کی۔ حضور نے فرمایا اللہ نے جو دعا حضرت ابراہیمؑ سے کروائی اس کی قبولیت کا اعلان سورۂ جمعہ میں فرمایا۔ اس میں اللہ نے فرمایا ہے کہ امیین میں سے ایک شخص کو اللہ نے عظیم آیات دیکر مبعوث فرمایا تاکہ وہ ان آیات کے نتیجے میں حصول تزکیۂ نفس کی راہ پر چلنا شروع کر دیں۔ اور تزکیۂ نفس کے نتیجے میں اللہ کی کتاب قرآن مجید کا علم زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے لگیں اور حکمتیں سیکھنے لگیں۔ اس آیت میں اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا گیا کہ اللہ کے نشانات کے ذریعے سے قبول ہدایت کا سامان پیدا ہوا اور ان کے اندر ایک حد تک تزکیۂ نفس پیدا ہو گیا۔ اس کتاب کی بابرکت تعلیم کے نتیجے میں وہ تزکیۂ نفس میں ترقی کر کے ان مطہرین میں شامل ہوتے گئے جو قرآن کریم کا علم حاصل کرتے ہیں۔ تزکیۂ نفس میں بڑھنے کے ساتھ ان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۚ عَسَىٰ أَن يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۵ / ۷۰ — پیر ۳۰ صفر المظفر ۱۴۰۲ھ، ۲۸ فتح ۱۳۶۰ ہش، ۲۸ دسمبر ۱۹۸۱ء — نمبر ۲۹۷

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبدالحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

میں پاکیزگی اور طہارت بڑھتی گئی اور نتیجۃً وہ قرآن کریم کے لامحدود علوم میں بڑھتے گئے اور ان پر لامحدود ترقیات کے دروازے کھلتے چلے گئے۔

حضور نے فرمایا کہ اس طرح سے اللہ تعالیٰ نے آہستہ آہستہ اپنے ان بندوں کی تربیت شروع کی اور ایک ایک کر کے قرآن کریم کی آیات اترتی رہیں حتیٰ کہ وہ جو وحشت میں مشہور تھے اخلاق کا نمونہ بن گئے اور ان کو اللہ نے جو نور اور حسن دیا تھا اس کا مظاہرہ کر کے آہستہ آہستہ انہوں نے دنیا کے دل جیتنے شروع کئے اور جن کے دل جیتے گئے انہوں نے آگے اپنے حسن اور نور کا اثر ڈالا ان کے قلوب میں نور، برتاؤ میں حسن، اور نمونہ میں اثر پیدا ہونا شروع ہوا۔ اور اس وقت سے آج تک پھیلاؤ اور وسعت کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ اور اس چودہ سو سال کے عرصے میں کوئی زمانہ ایسا نہیں آیا جس میں خدا تعالیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق اور فدائی پیدا نہ ہوئے ہوں۔ - - - - - - - -

- - حضور نے فرمایا کہ جب تک جماعت کے افراد اس روحانی اور اخلاقی تربیت کو کمال تک پہنچانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے اور ہر دکھ سہہ کر دنیا میں سکھ پھیلانے کی کوشش جاری رکھیں گے۔ گالیاں سنیں گے اور دعائیں دیں گے اور سکھ پہنچائیں گے۔ جب تک ہر احمدی کی آنکھ خیر دیکھے گی شر نہیں، زبان حقارت سے نہیں بولے گی بلکہ عزت اور پیار سے کلام کرے گی، جب تک انسان کے سارے جوارح خدمت نوع انسانی میں لگے رہیں گے۔ جب تک خدا تعالیٰ کی نعمتوں کے حصول پر اور زیادہ عجز و انکسار اور تواضع سے زمین پر جھکنے کی کیفیت پیدا ہوگی، اس وقت تک خدا تعالیٰ کی نعمتیں آسمانوں سے بارش کے قطروں سے بھی زیادہ مقدار میں نازل ہوتی رہیں گی اور ہم آگے سے آگے بڑھتے رہیں گے۔

حضور نے احباب جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ جب بھی ایسی باتیں سامنے آئیں جو آپ کی طبیعتیں پسند نہ کریں، تو خدا کی خاطر، خدا کے بندوں کے حق میں دعائیں کرنے لگ جائیں۔ خدا نے ہمیں عبد بننے کیلئے پیدا کیا ہے دکھ پہنچانے اور حقارت کی نگاہ سے دیکھنے کیلئے پیدا نہیں کیا۔

حضور انور نے اپنے ۱۹۷۰ء کے دورۂ افریقہ کا ذکر کرتے ہوئے اس پُر مسرت لمحے کا ذکر فرمایا جب حضور نے ایک افریقی بچے کو پیار کیا اور سارے مجمع سے مسرت کی ایک خاموش صدا بلند ہوئی۔ حضور نے فرمایا کہ ہمارا مقصد خدا تعالیٰ کے نور کو دنیا میں پھیلانا اور سینوں کو اس نور سے منور کرنا ہے۔ حضور نے فرمایا ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن سے حسن لینا ہے تاکہ ساری دنیا محمدؐ کے جھنڈے تلے جمع ہو کر امت واحدہ بن جائے۔ حضور نے فرمایا ہم نے اس مقصد سے نظر نہیں ہٹانی، نہیں ہٹانی، نہ ادھر اور نہ اُدھر۔ حضور نے فرمایا کہ اس مقصد کے حصول کیلئے ہم جلسہ سالانہ کے موقع پر جمع ہوتے ہیں۔ حضور نے فرمایا جتنا ممکن ہو اس جلسے سے فائدہ حاصل کرو اور نیکی پاکیزگی اور خیر کی جو باتیں سیکھو وہ دنیا تک پہنچاؤ اور عاجزی کیساتھ اپنا پیغام پہنچاؤ۔

حضور نے فرمایا ہماری کسی سے لڑائی نہیں، کسی سے دشمنی نہیں۔ - - - - - - - - - - - -

حضور نے فرمایا کہ ہم امید رکھتے ہیں کہ آج کی نسل نہیں تو ان کی آنیوالی نسل ہمارے اس جذبہ کو پہچان کر ہمارے اندر شامل ہو جائے گی۔

حضور نے فرمایا یہ ہم اس لئے نہیں کہتے کہ ہمیں کچھ چاہیئے بلکہ اس لئے کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بھائی خدا تعالیٰ کے نور اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی برکتوں سے محروم نہ رہیں۔ جس طرح ہم نے جو پایا وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پایا ہے اسی طرح ہماری خواہش ہے کہ ہم ساری دنیا کو اکٹھا کر کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں لا جمع کریں۔

حضور نے فرمایا پس اپنے مقام کو پہچانیں اور کسی چیز کی پرواہ نہ کریں

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ

اللہ کہتا ہے کہ مجھ پر توکل کرتے رہنا تمہیں اور کسی چیز کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ میں تمہارے لئے کافی ہوں۔ کیا ہم اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر بدظنی کریں گے؟ کبھی نہیں کریں گے!! حضور نے فرمایا کہ خدا پر توکل کرو۔ خدا تعالیٰ نے اپنے دین کے غلبہ کا جو منصوبہ جاری فرمایا ہے اس میں جماعت احمدیہ کی حقیر جاں نثاری کی کوششوں کا بھی دخل جاری رہے۔ حضور نے فرمایا ہمیں اپنے رب کریم سے بے وفائی نہیں کرنی چاہیئے۔ ہمیں قرآن کریم کی تعلیم کی عظمتوں کو جاننے کے بعد اور شناخت کرنے کے بعد کسی اور ازم، تعلیم یا عقیدے کی طرف توجہ نہیں دینا چاہیئے۔ خدا تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعائیں کریں کہ وہ اپنے فضل سے وہ طہارت اور پاکیزگی عطا کرے کہ جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے اپنے فرمان کے مطابق قرآن کریم کے علم کے خزانے ملتے رہیں۔ اور ہمارے گھر دنیا کے خزانوں سے نہیں بلکہ قرآن کے خزانوں سے بھرے رہیں۔ حضور نے فرمایا کہ اس جلسہ میں جن نیک باتوں کو سنیں انہیں یاد رکھیں اور ان پر عمل کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمارا حافظ و ناصر ہو وہ ہمیں اپنے سپرد کئے رکھے اور کسی کی طرف سپرد نہ کرے وہی ہمارے لئے کافی ہے۔

بعد ازاں حضور انور اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہہ کر نعرہ ہائے تکبیر اور دیگر نعروں کی گونج میں واپس تشریف لے گئے۔ اور اجلاس کی بقیہ کارروائی محترم شیخ محمد احمد صاحب مظہر امیر ضلع فیصل آباد کی صدارت میں جاری رہی۔ پہلے محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب نے "خدا تعالیٰ کی صفت عزیز" کے موضوع پر خطاب کیا بعد ازاں گھانا کے سفیر برائے جرمنی مکرم یعقوب محامی صاحب جو کہ اللہ کے فضل سے مخلص احمدی ہیں انہوں نے انگریزی میں خطاب کیا اور ان کے بعد مشرق وسطیٰ کے ایک ملک کے نمائندے نے عربی میں تقریر کی اور اس کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے "غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم" کے موضوع پر تقریر فرمائی اس کیساتھ پہلے روز کے پہلے اجلاس کی کارروائی ختم ہوگئی

ہمارا نصب العین

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

"کسی احمدی کو یہ نہیں دیکھنا چاہیئے کہ سکھ پہنچانے کے لیے کسی احمدی کی تلاش کی جائے بلکہ اسے یہ دیکھنا چاہیئے کہ اُسے سکھ پہنچانے کے لیے کسی انسان یا کسی حیوان یا کسی حس رکھنے والی مخلوق کی ضرورت ہے دنیا سے دکھ کو دُور کرنا اس کا نصب العین ہونا چاہیئے اگر اس نے خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنا ہے تو اُسے یہ طریق اختیار کرنا پڑے گا کیونکہ اگر وہ دنیا میں دکھ پیدا کرنے کا موجب بنے گا تو خدا تعالیٰ کی رحمت اور اُس کے پیار سے اور اس کی محبت سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔"

(الفضل ۵ اپریل ۱۹۷۵ء)

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

"دعا عبادت کا مغز ہے"

یار بار یہاں آنے کی تاکید

سیدنا حضرت اقدس فرماتے ہیں:-

"ہم اپنے دوستوں کو بار بار یہاں آنے اور رہنے کی تاکید کرتے ہیں اور ہم جو کسی دوست کو یہاں رہنے کے واسطے کہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ ہم اس کی حالت پر رحم کر کے ہمدردی اور خیر خواہی سے کہتے ہیں۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ایمان درست نہیں ہوتا جب تک انسان صاحب ایمان کی صحبت میں نہ رہے۔"

(ملفوظات جلد دوم ص ۵۳)

احباب جماعت کے لئے روحانی پروگرام

صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عالمی روحانی منصوبے کی کامیابی کے لئے حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت کے لئے دعاؤں اور عبادات کا ایک خاص پروگرام تجویز فرما رکھا ہے جو درج ذیل ہے۔

۱۔ جماعت کے قیام پر ایک صدی مکمل ہونے تک ہر ماہ احباب جماعت ایک نفلی روزہ رکھا کریں جس کے لئے ہر قصبہ، شہر یا محلہ میں مہینہ کے آخری ہفتہ میں کوئی ایک دن مقامی طور پر مقرر کر لیا جایا کرے۔

۲۔ دو نفل روزانہ ادا کئے جائیں جو نماز عشاء کے بعد سے لے کر نماز فجر سے پہلے تک یا نماز ظہر کے بعد ادا کئے جائیں۔

۳۔ کم از کم سات بار روزانہ سورۃ فاتحہ کی دعا غور و تدبر کے ساتھ پڑھی جائے۔

۴۔ درود شریف اور تسبیح و تحمید (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ) نیز استغفار کا ورد روزانہ ۳۳ - ۳۳ بار کیا جائے۔

۵۔ مندرجہ ذیل دعائیں روزانہ کم از کم گیارہ بار پڑھی جائیں۔

۱۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

۶۔ ان کے علاوہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنی زبان میں بھی بکثرت دعائیں کرنے کی تاکید فرمائی تاکہ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر قربانیوں کو قبول فرمائے اور صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عظیم منصوبے کو ہر لحاظ سے کامیاب کرے اور ہم شاہراہ غلبۂ اسلام پر آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں۔

احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ اس پروگرام کے مطابق خود بھی اپنا عمل جاری رکھیں اور دوسروں کو بھی وقتاً فوقتاً تحریک کرتے رہیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد - ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوشخبری

بغیر آپریشن موتیا کا علاج، نظر کی کمزوری کا مکمل علاج۔

عینک توڑ

سرمہ طفیل

حکیم محمد طفیل رجسٹرڈ H 14597

سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی۔ حال کوٹہ کلاتھ ہاؤس باجرہ مارکیٹ گولبازار ربوہ

ایک احمدی عورت جس کی عمر ۴۰ سال تک یا اس سے زائد ہو۔ بچے سنبھالنے اور گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہو اور شکاگو (امریکہ) میں رہائش کیلئے تیار ہو۔ کی ضرورت ہے۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی۔ اور کرایہ وغیرہ کا انتظام بھی ہمارا ہوگا

جلسہ کے دنوں میں اگر ملاقات کی خواہشمند ہو تو گوندل کواکری سٹور گولبازار ربوہ میں بیگم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سے رابطہ قائم کریں

خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جاسکتی ہے

بیگم ڈاکٹر بشیر احمد ۲۷ سید جمال الدین افغانی روڈ

یونیورسٹی ٹاؤن پشاور

ناظم صاحب اطفال

اپنا جائزہ لیں!

- کیا آپ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو دعا کے لئے خط لکھتے رہتے ہیں؟
- کیا آپ نے مرکز سے آمدہ خطوط پر کماحقہ عمل کیا ہے؟
- کیا آپ مرکز سے باقاعدہ رابطہ رکھتے ہیں؟
- کیا آپ نے مجلس اطفال الاحمدیہ کی رپورٹ کارگزاری بروقت مرکز کو روانہ کر دی ہے؟
- کیا اس ماہ میں آپ نے اطفال کے دو اجلاس عام منعقد کروائے ہیں؟
- کیا آپ اطفال اور اُن کے والدین سے براہِ راست رابطہ قائم رکھتے ہیں؟

اگر ان کا جواب اثبات میں ہے تو بلاشبہ آپ بہترین ناظم اطفال ہیں۔

(سیکرٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

ماہنامہ مصباح کا حضرت سیدہ منصورہ بیگم نمبر

دسمبر، جنوری کے نمبروں پر مشتمل مصباح کا سالانہ نمبر شائع ہو چکا ہے۔ امید ہے کہ خریداروں کو پہنچ گیا ہوگا۔ یا عنقریب پہنچ جائیگا۔ انشاء اللہ۔

ماہ فروری کا پرچہ حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ نور اللہ مرقدہا کے مبارک ذکر اور آپ کے اوصاف حمیدہ کے تذکرہ پر مشتمل ہوگا۔

بہنیں جلد سے جلد اس نمبر کے لیے مضامین بھجوانے کی کوشش کریں۔ یہ مضامین آپ کی دینی خدمات اور زندگی کے اہم حالات و واقعات پر مشتمل ہونے چاہئیں۔

شعرائے کرام اس نمبر کے لیے جلد از جلد اپنی نظمیں بھی ارسال کر کے مصباح کی قلمی معاونت فرمائیں۔ مضامین اور نظمیں جلد از جلد مل جانے چاہئیں۔ شکریہ!

(امۃ اللطیف خورشید — مدیرہ مصباح ربوہ)

یہ اشیاء کس کی ہیں

ایک عدد بٹوہ کوئی صاحب ہماری دکان پر بھول گئے ہیں۔ نشانی بتا کر حاصل کریں۔ ایک عدد طلائی گھڑی جو زنانہ ہے کے مالک کی بھی تلاش ہے۔

(حافظ عارف اللہ بٹ۔ محسن میڈیسن ربوہ)

تاریخ خدام الاحمدیہ

خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے اپنی تاریخ کی تدوین کا کام شروع کیا ہے۔ ایسے تمام احباب جنہیں ۱۹۳۸ء سے اس مجلس کے کسی شعبہ میں نمایاں کام کرنے کی توفیق ملی ہو شعبہ تاریخ خدام الاحمدیہ مرکزیہ کو اس سے آگاہ فرمائیں۔ اگر آپ کے عہد میں کسی اور خادم نے کوئی ایسا امتیازی کام کیا ہو جسے آپ محفوظ کروانا ضروری سمجھتے ہوں تو یہ بھی تحریر فرمادیں اور آپ کی مرسلہ رپورٹ اگر کسی اخبار یا رسالہ میں شائع ہو چکی ہو تو اندازاً اس کا حوالہ بھی دے دیں باقی تحقیق ہم خود کر لیں گے۔ امید ہے احباب اس کام کی اہمیت کے پیش نظر بھرپور تعاون فرمائیں گے۔

(لئیق احمد طاہر نگران شعبہ تاریخ خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا — اے میرے اللہ! میرے علم میں اضافہ کر

ضروری تصحیح

۱۶ دسمبر کے "الفضل" میں مکرم مولانا محمد اسمٰعیل صاحب دیالگڑھی کا جو مضمون شائع ہوا ہے اس میں صفحہ ۵ کالم چار کی ابتدائی عبارت میں سہوِ کتابت کی وجہ سے مفہوم غلط ہو گیا ہے احباب تصحیح فرمالیں اصل عبارت یوں ہے:۔

"سابق امیر جماعت بہاولپور کے بیان سے واضح ہے کہ مکرم مولانا نظام الدین صاحب مرحوم اپنے آقا کے رنگ میں پوری طرح رنگین ہو چکے تھے۔ لوہا آگ میں پڑ کر آگ کا رنگ اور آگ کی تاثیر اختیار کر چکا تھا اور وفا شعار شاگرد راتوں کو اٹھ اٹھ کر ؎

لے خبر جلدی تیرے کوچہ میں کس کا شور ہے
اُسی لئے میں گایا کرتا تھا جس لئے میں استاد نے گایا

(ادارہ)

اعلان نکاح

۱۶ ستمبر ۱۹۸۱ء کو مکرم چوہدری خورشید احمد صاحب باجوہ امیر جماعت احمدیہ اوکاڑہ نے میرے ماموں زاد بھائی عماد الدین صاحب ولد حکیم ظہور الدین صاحب اندرون بھاٹی گیٹ لاہور کے نکاح ہمراہ عزیزہ ساجدہ پروین بنت حبیب احمد صاحب اوکاڑہ کا اعلان بعوض مبلغ بیس ہزار روپے مہر فرمایا۔

مکرم عماد الدین صاحب حضرت میاں معراج الدین صاحب پہلوان (یکے از اصحاب حضرت اقدس) کے پوتے اور مکرم حکیم سراج الدین مرحوم آف بھاٹی گیٹ لاہور کے نواسے ہیں۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس تعلق کو فریقین کے لئے ہر جہت سے مبارک اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین۔ (سید ناصر احمد بزاز۔ گولبازار۔ ربوہ)

حضرت اقدس فرماتے ہیں

"استغفار بہت کرو اس سے گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اولاد بھی دیتا ہے"

(الحکم ۳۱ جنوری ۱۹۰۱ء صفحہ ۱۱)

قیصر ہسپتال

جہاں بذریعہ جدید طریقہ علاج ہومیوپیتھی اور کوالیفائیڈ تجربہ کار ڈاکٹروں کی زیر نگرانی لاعلاج موذی امراض کینسر، شوگر۔ دمہ۔ کالی کھانسی امراض قلب۔ بلڈ پریشر وغیرہ کا شافی علاج۔ موجود ہے۔ بذریعہ خط و کتابت علاج کی سہولت بھی ہے۔

منجانب:

ڈاکٹر ایس اے قیصر ایم ڈی ہومیو ایم پی

قیصر ہسپتال بلاک وائی

وسن پورہ سکیم ۲ لاہور۔ فون ۳۳۰۲۰۷

کیوریٹو سلور جوبلی کی خوشی میں

کیوریٹو میڈیسنز پر ڈبل بونس

سکیم ۳۱ دسمبر تک کے آرڈرز کیلئے بڑھا دی گئی ہے۔

یکم جنوری ۸۲ء سے اکسیر رانی کھیت

۲/۵۰ کی بجائے ۳ ٹیوب ۱۰ مرغیوں کا انجکشن ۲ کی بجائے ۲/۵۰

حیوانات کی اکسیرات ۲ کی بجائے ۲/۵۰ پیکٹ

پائلز کیور سمیت CURES 140 فی کیور ۱۵۔ لٹریچر فری

کیوریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ پاکستان ربوہ فون ۶۶

کسٹم کلیئرنگ اینڈ فارورڈنگ ایجنٹس برانچ آفس انعام کارپوریشن لاہور۔ اقصیٰ روڈ ربوہ فون ۴۹۳

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مایوس و پریشان

ایسے مریض جو ہر قسم کا علاج کروا کر مایوس ہو چکے ہوں اور کسی بھی مرض میں مبتلا ہوں تو آج ہی مفصل علامات مرض لکھ کر بذریعہ ڈاک جرمن و امریکن ہومیوپیتھک ادویات سے علاج کروائیں یا خود تشریف لائیں

ہومیوپیتھک ڈاکٹر ایس اے رحمٰن

شاہ ہومیوپیتھک اسٹورز اینڈ ہسپتال رحمت بازار ربوہ

سب سے پہلے

مرض الٹھرا کی

دوا پیش کرنے والے

مشہور دواخانہ

(حکیم نظام جان مرحوم والا)

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴ — ربوہ فون نمبر ۶۳۸

خوبصورت رہائشی سکیم ملحقہ نیو سیٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا

"الحمرا پارک" فون ۳۸۵۲

میں چند رہائشی پلاٹ موجود ہیں، احباب فائدہ اٹھائیں

الحمرا اسٹیٹس ۶۹۹-اے سیٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا

فوری ضرورت

فضل عمر ہسپتال میں مندرجہ ذیل آسامیوں کے لیے کارکنان کی فوری ضرورت ہے۔ لہٰذا خاکسار احباب کی خدمت میں گذارش کرتا ہے کہ مخلص احمدی دوست اس طرف توجہ فرمائیں اور سلسلہ کے کام کے لیے اپنے آپ کو پیش فرمائیں اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے ان کے رزق میں برکت ڈالے گا۔

آسامیاں جن کے لیے ضرورت ہے۔

۱- میل نرس جو باقاعدہ ڈپلومہ ہولڈر ہو۔ چار آسامیاں۔
۲- سٹاف نرس۔ ایک آسامی۔ ۳- ڈرائیور۔ ایک آسامی
۴- بیلدار۔ ایک آسامی۔ ۵- چوکیدار۔ ایک آسامی
۶- ANAESTHETIST - ایک آسامی۔

درخواست دہندگان کوالیفائیڈ ہوں۔ اچھا تجربہ رکھتے ہوں۔ محنتی اور مخلص ہوں۔

جزاہم اللہ احسن الجزاء۔

(چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر مرزا منور احمد)

ماہنامہ **خالد** اور ماہنامہ **تشحیذ الاذہان**

کے باتصویر، خوبصورت اور قیمتی مضامین پر مشتمل سالانہ نمبر شائع ہو گئے ہیں

"خالد" کے سالانہ نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حضرت سیدہ بیگم صاحبہ نور اللہ مرقدھا کے بارے میں خصوصی مضامین اور نظمیں شامل اشاعت ہیں

(مینیجر خالد و تشحیذ الاذہان)

لاہور میں مکمل ڈویلپمنٹ سے آراستہ **گل ہاؤسنگ پراجیکٹ** کی عظیم تخلیق

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے ایل۔او۔سی بذریعہ نمبر CMP 194/S/LDA/136 مورخہ ۱۲ جنوری ۸۱ء



سنی پارک

نقد و آسان قسطوں پر

اپنے احباب کیلئے مخصوص بلاک اور خاص رعایت

محل وقوع سنی پارک لاتعداد سرکاری و غیر سرکاری رہائشی سکیموں کے مرکز میں واقع نہر کے قریب نیو کیمپس سے ۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر (نقشہ محل وقوع ملاحظہ فرمائیں)

خصوصیات سنی پارک تمام جھگڑوں اور پیچیدگیوں سے پاک صاف ہے جہاں کوئی بھی پاکستانی اپنے ذوق کیمطابق اپنا گھر تعمیر کر سکتا ہے۔ ہر وقت چھوٹی بڑی ٹرانسپورٹ میسر ہے جس کے ذریعے آپ شہر کے مرکزی علاقوں تک باآسانی پہنچ سکتے ہیں علاوہ ازیں لاہور کے اہم تعلیمی و طبی ادارے میڈیکل کالج، ہیلی کالج و لاء کالج و نیو کیمپس یونیورسٹی، سکولز اور شیخ زید ہسپتال تھوڑے فاصلہ پر ہیں۔ اس میں جدید تقاضوں کے مطابق عوام کی سہولت کیلئے چلڈرن پارک، ہائی کلاس درسگاہ، ہسپتال، پوسٹ آفس شہر خوشاں، مساجد، کمیونٹی سنٹر، شاپنگ مرکز، ہر بلاک میں کمرشل پلاٹس کی سہولتیں میسر ہیں۔

پلاننگ:- ہم نے سنی پارک کی منصوبہ بندی جدید تقاضوں کیمطابق کی ہے۔ ماحول کو صاف ستھرا اور پرسکون بنانے کیلئے مشرقی و مغربی طرز معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ۷ مرلے، ۱۰ مرلے اور ایک ایک کنال کے لاتعداد رہائشی و کمرشل پلاٹس بنائے گئے ہیں

ترقیاتی کام:- سنی پارک کے ترقیاتی کاموں میں نقشوں کی فنی تصریحات کیمطابق سڑکوں کو پختہ کرنا بجلی و پانی کی ہمرسانی و نکاسی آب کے انتظامات کے علاوہ تفریحی پارکوں اور کھیل کے میدانوں کو آراستہ کرنا اور سڑکوں کو پررونق بنانے کیلئے سٹریٹ لائٹس کا نظام شامل ہے جنہیں جدید فن تعمیر اور دور حاضر کے تقاضوں کیمطابق ہم آہنگ کیا جائے گا

پلاٹوں کی قسمیں اور قیمتیں:- سنی پارک میں عوام کی سہولت کے لئے چار اقسام کے پلاٹس بنائے گئے ہیں

عام رہائشی پلاٹ:- ۱۸۰۰/- روپے فی مرلہ

مخصوص رہائشی پلاٹ:- ۲۰۰۰/- فی مرلہ۔ ڈیلکس رہائشی پلاٹ ۲۸۰۰/- فی مرلہ۔ تجارتی پلاٹ ۵۰۰۰/- فی مرلہ

ترقیاتی اخراجات ان قیمتوں میں شامل نہیں قسطوں کی صورت میں ۲۰۰/- فی مرلہ زائد

طریقہ حصول پلاٹ:- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۴ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید و الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں اور بقایا رقم ۴۵ یوم میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں۔

اقساط:- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۴ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید و الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں بقایا رقم ایک سال کی برابر اقساط میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں **پلاٹ کا قبضہ**۔ نقدی کی صورت میں زر بیعانہ ۱/۴ حصہ اور اقساط کی صورت میں ۱/۴ حصہ ادا کر کے قبضہ حاصل کریں (قبضہ لے کر مکان تعمیر کر سکتے ہیں)

قرضے کی سہولت:- مکان تعمیر کرنے کے لئے مکانات کی مالیاتی کارپوریشن سے آسان قسطوں پر واپسی کی بنیاد پر قرضہ لیا جا سکتا ہے) **اسپیشل رعایت**۔ شہداء کے ورثاء۔ بیواؤں۔ فوجی و پولیس ملازمین۔ ریٹائرڈ ملازمین سرکاری ملازمین۔ ادیبوں۔ صحافیوں اور دانشوروں کیلئے اسپیشل رعایت۔

(آفس جمعہ کو بھی صبح نو بجے سے شام چھ بجے تک کھلا رہتا ہے) پراسپیکٹس حاصل کریں۔

پراسپیکٹس ڈاک کے ذریعے بھی منگوایا جا سکتا ہے

تفصیلات کے لئے:- **گل ہاؤسنگ پراجیکٹ** آرکیٹکٹ۔ انجینئرز۔ کنسلٹنٹس اینڈ اسٹیٹ ایڈوائزرز ۷۔ کامران اپارٹمنٹس فیروزپور روڈ اچھرہ لاہور فون ۴۱۹۹۷۶